13/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

PMAY-G

جموں و کشمیر نے 91 فیصد تکمیل کی شرح کے ساتھ ، پردھان منتری آواس یوجانا گرامین کو نافذ کرنے میں ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے۔محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سکریٹری محمد اعجاز اسد نے کہا کہ 11 مارچ 2025 تک 3 لاکھ3 ہزار 64 مکانات مکمل ہوچکے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ

PMAY-G کی ضلع وار کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہکشمیر ڈویژن میں ، بڈگام اور شوپیان اضلاع 97 فیصد اور جموں ڈویژن میں ، پونچھ ضلع 95 فیصد تکمیل کے ساتھ سرفہرست مقام رکھتے ہیں ۔

سیکریٹری موصوف نے زیر التواءقسطوں کی اجرائی کو تیز کرنے اور مکانات کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نےتمام مکانات کی بروقت تکمیل کے لئے ایک روڈ میپ بھی دیا۔

تلاشی

سیکورٹی فورسز نے بانڈی پورہ ضلع کے گنڈ بل حاجن روڑ سے ایک تلاشی کاروائی کے دوران دو مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے ۔ ان کے قبضے سے کچھ اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا ہے جس میں ایک پستول، 1 پستول میگزین ، دو ہتھ گولے اور کچھ دیگر قابل اعتراض چیزیں شامل ہیں ۔یہ کاروائی فوج ، پولیس اور CRPF کے مشترکہ دستوں نے انجام دی ۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اپنی رہاش گاہ پر لداخ کے ان پچاس طالب علمونکے ساتھ غیر رسمی بات چیت کی ، جو راشٹریہ ایکتا یاترا کے تحت نئی دلی میں ٹیور پر ہیں۔

ملاقات کے دوران طالب علموں نے وزیر اعظم نریندر مودی سرکار کے تحت گزشتہ ایک دہائی کے دوران انہیں دستیاب نئے مواقعے کے حوالے سے تبدیلی کی کہانیاں بیان کی ۔

شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا نے ضلع کے مختلف دیہاتوں کا دورہ کر کے منریگا اور کیپیکس کے تحت جاری کاموں کی پیشرفت کا جائز ہ لیا ۔

ڈی سی نے دیہی علاقوں میں پائیدار اثاثوں کی تشکیل کے لئے افسران کو ہدایت دی ۔ انہوں نے عوامی وفود کو حقیقی مسائل کے ازالے اور مناسب کاروائی کا یقین دلایا۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع میں فن تعمیر اور ورثہ کے تحفظ اور بحالی کی اسکیم کے نفاذ پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

ڈی سی نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مزید ایسی تاریخی مقامات کی نشاندہی کریں جن کو بحالی کی ضرورت ہے اور جنہیں اس اسکیم کے تحت منظوری کے لئے ڈائریکٹر آرکائیوز ، آثار قدیمہ اور میوزیم کشمیر کے ساتھ اٹھایا جاسکتا ہے۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنربانڈی پورہ منظور احمد قادری نے بانڈی پورہ میں ٹریفک کے دباو سے نمٹنے کے لئے متعلقہ افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔

انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ مارکیٹ کے مرکزی علاقے اور اس کے گردونواح میں ٹریفک دباو کو کم کرنے کے اقدامات کو نافذ کرنے کے لئے ٹھوس کوششیں کریں۔

کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن جو ڈسٹرکٹ لیول سنگل ونڈو کمیٹی کی چیئرپرسن ہیں ، نے کان کنی سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے متعلقہ افسران کی میٹنگ کی صدارت کی ۔

انہوں نے افسران کو چوکس رہنے اوراس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہا کہ عدولی کرنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جا نی چاہئے ۔

اننت ناگ

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اننت ناگ کی ایک اطلاع کے مطابق حج 2025 کے لئے منتخبہ ضلع کے تمام عازمین کی خاطر مناسک حج سے متعلق دوسرے مرحلے کا تربیتی پروگرا م 18مارچ یعنی منگل کو صبح ساڑھے دس بجے گورنمنٹ ڈگری کالج فار وومن اننت ناگ میں منعقد ہوگا ۔ تمام منتخب عازمین کرام سے شرکت کی درخواست کی گئی ہے ۔

پولیس

پولیس نے گورنمنٹ بائز ہائر سکنڈر سکول ہندوارہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔ اسکے علاوہ پولیس کی طرف سے گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول سورسیار چاڈورہ میں ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔

شوکت احمد میر

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے کہا ہے کہ این سی کی قیادت والی سرکار عارضی ملازمین کی مرحلہ وار مستقلی کو یقینی بنائے گی ۔ انہوں نے کہا کہ چناؤ منشور میں کئے گئے دیگر وعدوں کو بھی پورا کیا جائے گا۔

موسم

شہر سرینگر سمیت وادی کے بیشتر میدانی علاقوں میں وقفے وقفے سے بارشوں کا سلسلہ جاری ہے جبکہ کئی پہاڑی مقامات پر برفباری ہونے کی اطلاعات ہیں۔ کپواڑہ ضلع میں فرقیاں گلی اور زیڈ گلی میں تقریباً ایک فٹ تازہ برف جمع ہوئی ہیں ۔ اس دوران چوکیبل ٹنگڈار ، کیرن اور مژھل سڑکیں گاڑیوں کی آمد رفت کے لئے بند کر دی گئی ہیں۔ اُدھر سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

**بڈگام**

**ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے واگام چاڈورہ میں قدیم واسوکی ناگ مندرکی سائٹ کا دورہ کیا۔انہوں نے وہاں کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس کی بروقت تکمیل کی ضرورت پر زور دیا ۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**